## ملک کو اب دھوکے بازوں اور رہزنوں کی نہیں رہبر کی ضرورت ہے۔الطاف حسین

## عوام کو ان آزمائی ہوئی سیاسی جماعتوں اور چند خاندانوں کو دوبارہ نہیں آزمانا چاہیے جو گزشتہ 60 برسوں سے عوام کی آنکھوں میں دھول جھونک رہے ہیں

## ایم کیو ایم ملک میں انصاف کا ایسا نظام قائم کرنا چاہتی ہے کہ صرف امیر ہی نہیں غریب بھی سپریم کورٹ تک پہنچ سکے

## لاڑکانہ، شکارپور اور قمبر شہداد کوٹ میں بیک وقت ہونے والے انتخابی جلسوں سے ٹیلیفونک خطاب

لاڑکانہ۔۔۔26 دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ملک کو اب دھوکے بازوں اور رہزنوں کی نہیں رہبر کی ضرورت ہے، عوام کو اب ان آزمائی ہوئی سیاسی جماعتوں اور چند خاندانوں کو دوبارہ نہیں آزمانا چاہیے جو گزشتہ 60 برسوں سے عوام کی آنکھوں میں دھول جھونک رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم عدلیہ کی آزادی اور خودمختاری چاہتی ہے لیکن وہ ملک میں انصاف کا ایسا نظام قائم کرنا چاہتی ہے کہ صرف امیر ہی نہیں بلکہ غریب بھی سپریم کورٹ تک پہنچ سکے اور انصاف حاصل کر سکے۔انہوں نے ان خیالات کا اظہار آج سندھ کے شہروں لاڑکانہ، شکارپور اور قمبر شہداد کوٹ میں بیک وقت ہونے والے ایم کیو ایم کے انتخابی جلسوں سے ٹیلیفونک خطاب کرتے ہوئے کیا۔ان جلسوں میں ان شہروں اور انکے نواحی علاقوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ گزشتہ 60 برسوں کے دوران چاہے فوجی جرنیلوں کی حکمرانی ہو یا جمہوری حکومتوں کا دور ہو ان تمام ادوار میں ایک چیز مشترک ہے کہ جو لوگ بھی اقتدار کی کرسیوں پر بیٹھے ان کا تعلق جاگیرداروں، وڈیروں اور سرمایہ دار طبقہ کے چند خاندانوں سے تھا، 60 برسوں سے چند خاندان ہی حکومتوں میں نظر آتے رہے ہیں، باپ کے بعد بیٹا، بیٹے کے بعد پوتا، پوتی، نواسہ، نواسی نسل در نسل یہی چند خاندان برسراقتدار آتے رہے اور آج بھی پورے ملک میں ایم کیو ایم کے امیدواروں کے علاوہ دیگر امیدواروں کا جائزہ لیں تو ان میں بھی جاگیردار، وڈیرے اور سرمایہ دار ہی نظر آئیں گے۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ 60 برسوں سے وڈیرے اور جاگیردار ملک بھر کے عوام کی آنکھوں میں دھول جھونک رہے ہیں۔انہوں نے عوام سے سوال کیا کہ آپ نے مختلف سیاسی و مذہبی جماعتوں کے جاگیرداروں اور وڈیروں کو بار بار آزمایا لیکن کیا سندھ کے غریب عوام، ہاریوں، کسانوں، مزدوروں اور مڈل کلاس طبقہ کی حالت بدلی؟ ان جاگیرداروں اور وڈیروں کا سندھ کے غریب لوگوں، مزدوروں، کسانوں اور ہاریوں کے مسائل، دکھوں اور مشکلات سے دور دور کا بھی کوئی واسطہ نہیں ہے۔انہوں نے ان جلسوں کے توسط سے سندھ بھر کے عوام کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ جب آپ ان سیاسی جماعتوں اور جاگیرداروں اور وڈیروں کو بار بار آزما چکے ہیں اور انہوں نے آپ کو محرومی و مایوسی کے سوا کچھ نہیں دیا تو پھر آپ ان کی طرف دوبارہ کیوں دیکھ رہے ہیں؟ کیا ببول کے پیڑ پر بیر آ سکتے ہیں؟ آخر آپ کب جاگیں گے؟ کب بیدار ہوں گے؟ آپ کب تک آزمائے ہوئے لوگوں کے پیچھے چلتے رہیں گے؟ آپ اپنے پیروں پر کب کھڑے ہوں گے؟ آپ جاگیرداروں اور وڈیروں کی زنجیروں سے کب آزاد ہوں گے؟ آپ کو آپ کے حقوق کوئی طشتری میں رکھ کر نہیں دے گا بلکہ آپ کو اپنے حقوق کے حصول کیلئے خود جدوجہد کرنی ہوگی، اپنی قسمت خود بدلنی ہوگی اور جاگیرداروں، وڈیروں اور سرمایہ داروں کی زنجیروں سے جدوجہد کر کے خود کو آزاد کرانا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ'' خدا اس قوم کی حالت نہیں بدلتا جو قوم اپنی حالت خود بدلنا نہ چاہے''۔انہوں نے عوام سے کہا کہ آپ کو اپنی حالت خود بدلنی ہوگی، لوگوں کو بیدار کرنا ہوگا، انقلاب کیلئے نہ صرف خود کو تیار کرنا ہوگا بلکہ اس کی تعلیم ایک ایک فرد تک پہنچانی ہوگی، انہیں بیدار کرنا ہوگا اور انہیں جھنجھوڑنا ہوگا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ سندھ قومی خزانے کو ریونیو کی شکل میں 70 فیصد دیتا ہے لیکن آج تک کبھی سندھ کو اس کی ترقی وخوشحالی کیلئے اس کا آدھا حصہ بھی کبھی نہیں ملا۔انہوں نے عوام سے سوال کیا کہ ماضی میں سندھ کے جتنے بڑے بڑے سیاسی لیڈر فوجی اور سویلین حکومتوں میں برسراقتدار آتے رہے انہوں نے سندھ کی ترقی وخوشحالی، غریب عوام کی بھلائی، سندھ کے گاؤں گوٹھوں میں اسکول، کالجز، یونیورسٹیوں اور اسپتالوں کے قیام، پینے کے صاف پانی، صحت وصفائی اور زندگی کی دیگر سہولتوں کی فراہمی کیلئے کیا کیا؟ آج بھی سندھ کے بیشتر علاقے پینے کے صاف پانی تک سے محروم ہیں۔انہوں نے کہا کہ سندھ کو اب دھوکے بازوں اور رہزنوں کی نہیں بلکہ رہبر کی ضرورت ہے۔ جناب الطاف حسین نے عوام کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ سندھ دھرتی ماں کے بیٹوں کا فرض ہے کہ وہ اپنے حقوق کیلئے اٹھیں، میدان عمل میں آئیں، متحدہ قومی موومنٹ کا منشور خود بھی پڑھیں، دوسروں کو بھی پڑھائیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کا نعرہ'' اختیار سب کیلئے'' ہے۔یعنی قومی وصوبائی اسمبلیوں، سینیٹ، بلدیات اور اقتدار کے ایوانوں میں صرف جاگیردار، وڈیرے اور دولتمند نہ بیٹھیں بلکہ غریب ومتوسط طبقہ کے پڑھے لکھے افراد بھی بیٹھیں۔ جناب الطاف حسین نے عدالتی نظام کے بارے میں کہا کہ ہمارے ہاں بڑے بڑے جاگیردار اور وڈیرے غریب ہاریوں اور کسانوں پر جھوٹے مقدمات قائم کر دیں تو وہ عدالتوں تک جانے یا لوئر کورٹ کے فیصلوں کے خلاف سپریم کورٹ تک جانے کی مالی استطاعت نہیں رکھتے اور ان غریبوں کے پاس وڈیروں کی ناجائز باتوں کو ماننے کے سوا کوئی چارہ نہیں ہوتا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم صرف عدلیہ

کی آزادی اور خودمختاری ہی نہیں چاہتی بلکہ ملک میں انصاف کا ایسا نظام چاہتی ہے کہ امیر ہی نہیں بلکہ غریب بھی انصاف کے حصول کیلئے آسانی سے سپریم کورٹ اور دیگر اعلیٰ عدالتوں تک پہنچ سکے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں تعلیم کا دہرا نظام قائم ہے اور جن اسکولوں میں امیروں، جاگیرداروں اور وڈیروں کے بچے پڑھتے ہیں ان اسکولوں میں غریب اپنے بچوں کو تعلیم دلانے کا تصور بھی نہیں کرسکتے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں متحدہ قومی موومنٹ کی حکومت قائم ہوئی تو یہ غیر منصفانہ دہرا نظام تعلیم ختم کیا جائے گا اور پورے ملک میں اس طرح سے ایک جیسا تعلیمی نظام قائم کیا جائے گا کہ غریبوں کے بچوں کے اسکولوں کے معیار کو اعلیٰ انگریزی اور گرامر اسکولوں کے برابر لایا جائے گا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ہم ملک سے ہر قسم کی مذہبی انتہا پسندی کا خاتمہ چاہتے ہیں، ہم پاکستان میں آباد تمام مذاہب کے ماننے والوں کے درمیان مذہبی رواداری اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی چاہتے ہیں، ہم ملکر رہنا چاہتے ہیں اور سب کو برابر کا پاکستانی تسلیم کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ واحد جماعت ہے جس نے غریب و متوسط طبقہ کے لوگوں کو ایوانوں میں بھیجا، ملک بھر کے عوام ساتھ دیں تو متحدہ قومی موومنٹ پورے ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام ختم کر کے انصاف کا نظام قائم کرے گی جہاں چاہے امیر ہو یا غریب ہو عزت سب کیلئے ہوگی اور عزت کا معیار دولت نہیں بلکہ دیانت اور لیاقت ہوگی۔ جناب الطاف حسین نے لاڑکانہ، شکارپور اور قمبر شہدادکوٹ سے تعلق رکھنے والے کارکنوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ انقلاب کے بغیر نظام نہیں بدلتے، ہمیں اس سچائی کو دیکھنا ہوگا کہ غریب کا مسئلہ غریب ہی سمجھ سکتا ہے، ہمیں بیدار ہونا ہوگا، مایوس نہیں ہونا ہوگا اور انقلاب کیلئے جدوجہد کرتے رہنا ہوگی۔ انہوں نے سندھ کے صوفی شاعر حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کا سندھی زبان میں ایک شعر ترجمہ کے ساتھ پڑھا کہ "اگر دنیا میں عزت اور مرتبہ کے ساتھ جینا ہے تو مشکل حالات کا مقابلہ کرنا پڑے گا اور گرمیوں، سردیوں کی تکالیف کو نظر انداز کر کے چلنا پڑے گا کہ منزل آرام کرنے سے نہیں ملتی"۔ انہوں نے سندھ کے کارکنان کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اگر آج تمہارے ساتھ کم لوگ ہیں تم اس بات سے مایوس نہ ہونا۔ اس بات کو یاد رکھو کہ جب حضورؐ نے پیغام حق کی تبلیغ شروع کی تو انکے ساتھ بھی بہت کم لوگ تھے مگر وہی کم لوگ بالآخر فتح مکہ کا سبب بنے۔ آج اندرون سندھ میں ہمارے کارکنوں کی تعداد کم ہے لیکن دن بدن یہ تعداد بڑھتی جارہی ہے اور انقلاب کا آغاز ہوچکا ہے، ہمارے ساتھ آج جتنے بھی لوگ ہیں وہ باہمت ہیں اور کل سندھ دھرتی ماں اپنے ان غیرت مند بیٹوں پر فخر کرے گی کہ وہ صرف سندھ دھرتی ہی میں نہیں بلکہ پورے ملک میں انقلاب لیکر آئے۔ جناب الطاف حسین نے تمام ترکاوٹوں، مشکلات اور نامساعد حالات کے باوجود جرات وہمت اور ثابت قدمی کے ساتھ تحریک کا کام جاری رکھنے اور جلسوں کے انتظامات پر تمام ذمہ داروں اور کارکنوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ جناب الطاف حسین نے اپنے خطاب کے آخر میں لاڑکانہ، شکارپور اور قمبر شہدادکوٹ سے قومی وصوبائی اسمبلیوں کے لئے ایم کیو ایم کے نامزد امیدواروں کا نام لیکر تعارف کرایا۔

## متحدہ قومی موومنٹ آزادی صحافت پر کسی قسم کی کوئی قدغن لگانا نہیں چاہتی۔ الطاف حسین
## صحافی برادری اور پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کے مالکان بھی غیر جانبدارانہ طرز عمل اختیار کریں
## جیو ٹی وی چینل دوبارہ کھولا جائے۔ حکومت سے مطالبہ

لاڑکانہ۔۔۔26 دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ اظہار رائے کی آزادی اور آزادی صحافت چاہتی ہے اور اس پر کسی قسم کی کوئی قدغن لگانا نہیں چاہتی لیکن میں صحافی برادری اور پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کے مالکان سے بھی اپیل کرتا ہوں کہ وہ بھی غیر جانبدارانہ طرز عمل اختیار کریں۔ وہ آج سندھ کے شہروں لاڑکانہ، شکارپور اور قمبر شہدادکوٹ میں بیک وقت ہونے والے ایم کیو ایم کے انتخابی جلسوں سے ٹیلیفونک خطاب کررہے تھے۔ جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ اب ملک میں جہاں دیگر ٹی وی چینلز کھول دیے گئے ہیں اسی طرح جیو ٹی وی چینل بھی دوبارہ کھول دیا جائے۔

## ملک میں آٹے کی قلت دور کرانے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر فوری اقدامات کئے جائیں، الطاف حسین کی اپیل

لاڑکانہ۔۔۔26 دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ملک میں آٹے کی قلت پر سخت تشویش کا اظہار کیا ہے اور صدر پرویز مشرف اور نگراں وزیراعظم محمد میاں سومرو سے اپیل کی ہے کہ ملک میں آٹے کی قلت دور کرانے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر فوری اقدامات کئے جائیں۔ انہوں نے یہ اپیل آج لاڑکانہ، شکارپور اور قمبر شہدادکوٹ میں بیک وقت ہونے والے ایم کیو ایم کے انتخابی جلسوں سے ٹیلیفونک خطاب کرتے ہوئے کی۔

## پیپلز پارٹی، پیپلز پارٹی شہید بھٹو، مسلم لیگ (ق) اور مسلم لیگ (ف) کے کئی رہنماؤں اور کارکنوں سمیت مختلف سیاسی وسماجی شخصیات کی اپنے ساتھیوں اور برادریوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

لاڑکانہ۔۔۔26، دسمبر 2007ء

پیپلز پارٹی، پیپلز پارٹی شہید بھٹو، مسلم لیگ (ق) اور مسلم لیگ (ف) سے تعلق رکھنے والی لاڑکانہ، شکارپور اور قمبر شہدادکوٹ کی مختلف سیاسی وسماجی شخصیاب نے اپنے ساتھیوں اور برادری سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ بات بدھ کے روز ایم کیوایم کے زیراہتمام لاڑکانہ، شکارپور اور قمبر شہدادکوٹ میں انتخابی جلسوں سے بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر جناب الطاف حسین نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اختیار کرنے والوں کا خیر مقدم کیا۔ متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والوں میں پیپلز پارٹی مکینیکل آٹو زلیبر یونین لاڑکانہ کے صدر غلام نبی بروہی اور یونین کے عہدیداران سمیت 39 افراد، پاکستان مسلم لیگ (ف) سٹی لاڑکانہ کے نائب صدر سید سکندر علی شیخ نے اپنے دوست احباب کے ہمراہ، مسلم لیگ (ق) سٹی لاڑکانہ کے سینئر نائب صدر امداد علی شیخ، نائب صدر عبدالمجید کھرل اور یوتھ ونگ سٹی لاڑکانہ کے صدر سرتاج احمد شیخ، مسلم لیگ (ق) تحصیل لاڑکانہ کے سابقہ جنرل سیکریٹری منیر احمد جانو نے 500 ساتھیوں کے ہمراہ، معروف ڈرامہ پروڈیوسر مختیار علی جوکھیو، تحصیل اور یوسی کونسلرز لاڑکانہ آپا شبیرہ جوکھیو، شہزادو، چانڈیو، لطیف قریشی، خیراالنساء سومرو، نعیم احمد دایو اور اویس احمد دایو نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کی۔ اسی طرح شکارپور کی یوسی 5 کے دیوآنند ایڈوکیٹ نے اپنی بالمیکی برادری سمیت، یوسی 3 کے انجینئر معظم علی سومرو نے اپنی برادری سمیت، یوسی 4 کے مقصود علی شاہ نے اپنے ساتھیوں سمیت، رئیس گل محمد سنجرانی نے اپنے ساتھیوں سمیت، صدرالدین سنجرانی نے اپنے عزیز واقارب سمیت، یوسی لڈرو کے بشیر احمد بروہی اور یوسی کرم کے ضمیر احمد لوہر نے اپنی برادری اور گاؤں پیر بخش لوہر کے ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کی۔ جبکہ قمبر شہدادکوٹ میں پیپلز پارٹی شہید بھٹو گروپ سے تعلق رکھنے والے عبدالوہاب خیال زئی بروہی، زاہد حسین سہاگ، افضل قریشی، محمد بخش گوپانگ، مسکین احمد منگی، سلیم احمد سومرو اور سہیل احمد مگسی، سکندر بروہی، بہرام خان مغیری، علی گل مغیری، عبدالکریم کھوکھر اور غوث بخش شیخ جبکہ عبدالفتاح مارفانی چانڈیو اپنی برادری سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اختیار کرنے والوں کا پرجوش خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ میں، متحدہ میں شمولیت اختیار کرنے والے تمام افراد کو خوش آمدید کہتا ہوں اور یہ جراتمندانہ قدم اٹھانے پر اور بہادری کا مظاہرہ کرنے پر تمام سیاسی وسماجی شخصیات کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔

## داؤدی بوہرہ جماعت نے عام انتخابات میں متحدہ قومی موومنٹ کی حمایت کا اعلان کردیا

## الطاف حسین نے ظالموں کے آگے سر نہیں جھکایا، شیخ محمد قیوم

## سیدنا برہان الدین کے خصوصی نمائندے کا ڈاکٹر فاروق ستار کے اعزاز میں استقبالیہ تقریب سے خطاب

کراچی۔۔۔26، دسمبر 2007ء

داؤدی بوہرہ جماعت نے 8 جنوری 2008ء کو ہونے والے عام انتخابات میں متحدہ قومی موومنٹ کی حمایت کا اعلان کردیا ہے اور داؤدی بوہرہ جماعت کے ارکان سے اپیل کی ہے کہ وہ آئندہ انتخابات میں ایم کیوایم کے نامزد امیدواروں کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔ یہ اعلان گزشتہ روز داؤدی بوہر جماعت کے روحانی پیشوا سیدنا محمد برہان الدین کے خصوصی نمائندے شیخ محمد قیوم نے عیسیٰ مسجد نانک واڑہ میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز اور قومی اسمبلی کے حلقہ 249 کے حق پرست امیدوار ڈاکٹر فاروق ستار کے اعزاز میں دی گئی استقبالیہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے شیخ محمد قیوم نے کہا کہ قائد جناب الطاف حسین نے ظالموں کے آگے سر نہ جھکا کر اسوہ حسینؑ کی یاد تازہ کی ہے اور اس عمل پر ہم جناب الطاف حسین کے ساتھ ہیں۔ انہوں نے صوبے اور شہر میں حق پرست قیادت کی جانب سے ترقیاتی کاموں کا خصوصی ذکر کرتے ہوئے کہا کہ حق پرست قیادت سندھ بالخصوص کراچی کی ترقی کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اور انشاءاللہ آئندہ انتخابات میں بھی حق پرست امیدوار بھاری اکثریت سے کامیاب ہوکر تعمیر وترقی کا یہ سلسلہ جاری رکھیں گے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کے فکر وفلسفہ کی سچائی نے 98 فیصد مظلوم عوام کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ایک قومی جماعت ہے اور پورے ملک سے انتخابات میں حصہ لے رہی ہے انشاءاللہ وہ وقت ضرور آئے گا جب پورے ملک سے حق پرست امیدوار کامیاب ہوں گے۔ اس موقع پر پی ایس 110 کے حق پرست امیدوار شعیب ابراہیم اور پی ایس 111 کے حق پرست امیدوار محمد طاہر قریشی بھی موجود تھے۔

## میمن شوشل فورم کے چیئر مین عبدالمجید ابدانی نے حق پرست امیدواروں کی حمایت کا اعلان کر دیا

کراچی۔۔۔26، دسمبر 2007ء

میمن شوشل فورم کے چیئر مین عبدالمجید ابدانی عام انتخابات میں متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدواروں کی حمایت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز مقامی ہوٹل میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کارنر میٹنگ میں میمن شوشل فورم کے مقصود میمن، عثمانی ساٹی، سلیم ابدانی اور عمر موٹلانی نے بھی حق پرست امیدواروں کی حمایت کے اعلان کی تائید کی۔ انتخابی کارنر میٹنگ سے حق پرست نامزد امیدوار برائے این اے 250 محترمہ خوش بخت شجاعت اور حق پرست امیدوار برائے پی ایس 113 عسکری تقوی نے خطاب کیا۔ اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ اقتدار کے حصول کے بجائے عوامی مسائل کے حل کی سیاست پر یقین رکھتی ہے جبکہ دیگر سیاسی و مذہبی جماعتیں صرف اور صرف اقتدار کے حصول کی سیاست کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم نے اقتدار میں رہتے ہوئے اور اقتدار کے بغیر بھی عوامی خدمات کی شاندار مثالیں قائم ہیں یہی وجہ ہے کہ ایم کیو ایم کی جڑیں عوام میں قائم ہیں۔ انہوں نے کارنر میٹنگ کے شرکاء سے اپیل کی کہ وہ 8، جنوری کو حق پرست امیدواروں کو اپنا ووٹ دیکر بھاری اکثریت سے کامیاب بنائیں۔

## ایم کیو ایم ایمپلائمنٹ سیل، فوٹو سیکشن کے اراکین اور اولڈ لیاری سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔26، دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم ایمپلائمنٹ سیل کے رکن ایس ایم اقبال کے بھائی مامون رشید، ایم کیو ایم شعبہ اطلاعات فوٹو سیکشن کے رکن انصار احمد کے چچا رحمت علی اور ایم کیو ایم اولڈ لیاری سیکٹر کے کارکن عامر علی کے والد عباس علی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ دریں اثناء ایم کیو ایم کی میڈیا کمیٹی اور شعبہ اطلاعات کے ارکان نے بھی فوٹو سیکشن کے رکن انصار احمد کے چچا کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔

## دکھی انسانیت کی خدمت ایم کیو ایم کا نصب العین ہے، انور عالم
## ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔26، دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم نے کہا ہے کہ دکھی انسانیت کی خدمت متحدہ قومی موومنٹ کا نصب العین ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے اسی پیغام کے فروغ کیلئے ایم کیو ایم کے کارکنان زندگی کے ہر شعبہ میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری اور ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انور عالم نے کہا کہ جناب الطاف حسین نے دکھی انسانیت کی خدمت بے شمار مثالیں قائم کی ہیں اور اب ایم کیو ایم کی فلاحی سرگرمیوں کا دائرہ بیرون ملک تک پھیل چکا ہے۔ انہوں نے میڈیکل ایڈ کمیٹی کے اراکین، ڈاکٹروں اور پیرا میڈیکل اسٹاف کے عملہ پر زور دیا کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات کے مطابق دکھی انسانیت کی خدمت کریں اور مصائب کا شکار عوام کے مسائل کے حل کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری نے کہا کہ ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی نے جس طرح سے آزاد کشمیر، صوبہ سرحد اور سونامی اور دیگر حادثات اور سانحات میں اپنی خدمات انجام دی ہیں اسے دنیا دیکھ رہی ہے اور اس کا اجر عظیم اللہ تعالیٰ آپ کو ضرور دے گا۔ اس موقع پر انور عالم اور شعیب بخاری نے ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کی جانب سے سال 2008ء کے کلینڈر کا اجراء بھی کیا۔

## این اے 241 اور پی ایس 94 کی کالا ڈھاکہ، سوات، بونیر سمیت
## دیگر پختون برادریوں کے سینکڑوں افراد کی متحدہ میں شمولیت

کراچی۔۔۔26، دسمبر 2007ء

قومی اسمبلی کے حلقہ 241 اور صوبائی اسمبلی کے حلقہ 94 کی کالا ڈھاکہ، سوات، بونیر سمیت دیگر پختون برادریوں سے تعلق رکھنے والے سینکڑوں افراد نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اور عام انتخابات 2008ء میں ایم کیوایم کے نامزد امیدواروں کی حمایت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے تحت آفریدی کالونی اورنگی ٹاؤن میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگ میں کیا۔ کارنر میٹنگ میں این اے 241 سے ایم کیوایم کے نامزد حق پرست امیدوار اقبال قادری ایڈوکیٹ، پی ایس 94 سے ایم کیوایم کے نامزد حق پرست امیدوار رضا حیدر اور ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج خورشید مکرم نے شرکت کی۔ متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والی برادریوں کے نوجوانوں اور بزرگوں نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے دیگر تمام پارٹیوں کے افراد کو آزما لیا ہے جو غریب پختونوں سے ووٹ لینے کے بعد غریب بستیوں کا رخ تک نہیں کرتے۔ انہوں نے کہا کہ حق پرست عوامی نمائندے نہ صرف غریب عوام کے درمیان رہتے ہیں بلکہ وہ غریب عوام کی بلاامتیاز و تفریق عملی خدمت بھی کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پختون عوام نے فیصلہ کرلیا ہے کہ وہ اب سیاسی بازیگروں کو آزمانے کے بجائے حق پرست امیدواروں کو اپنے ووٹ دیکر کامیاب بنائیں گے۔ انتخابی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست امیدواران برائے قومی وصوبائی اسمبلی اقبال قادری اور رضا حیدر نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک بھر کے مظلوم عوام کے جائز حقوق کی جدوجہد کررہی ہے اور انشاءاللہ مظلوموں کے اتحاد سے ہی ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ اور وڈیرانہ نظام کا خاتمہ کیا جائے گا۔ انہوں نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والی برادریوں کے نوجوانوں اور بزرگوں کا زبردست خیر مقدم کیا اور ان پر زور دیا کہ وہ اپنے اپنے محلوں اور علاقوں میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ اور نظریئے کو پھیلائیں اور 8 جنوری کو حق پرست امیدواروں کے انتخابی نشان پتنگ پر اپنے اعتماد کی مہر لگائیں۔

## حق پرستوں کے دامن لوٹ مار، کرپشن اور پلاٹ پرمٹ کی سیاست سے پاک ہیں
## کراچی کے مختلف علاقوں میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگوں سے حق پرست امیدواروں کا خطاب

کراچی۔۔۔26، دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدواران برائے قومی وصوبائی اسمبلی نے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان کی واحد جماعت ہے جس کے نمائندوں کے دامن لوٹ مار، کرپشن اور پلاٹ پرمٹ کی سیاست سے پاک ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز اپنے اپنے حلقہ انتخاب میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انتخابی مہم کے سلسلے میں رنچھوڑ لائن میں منعقدہ کارنر میٹنگ سے این اے 249 کے حق پرست امیدوار ڈاکٹر فاروق ستار پی ایس 110 کے حق پرست امیدوار شعیب ابراہیم نے خطاب کیا۔ پی ای سی ایچ ایس بلاک 6 میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگ میں حق پرست امیدوار برائے این اے 251 وسیم اختر اور امیدوار برائے پی ایس 115 رضا ہارون نے خطاب کیا۔ بفرزون سیکٹر A-16 اور A-134 میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگوں سے حق پرست امیدوار برائے این اے 244 شیخ صلاح الدین نے خطاب کیا۔ گلشن اقبال اور سوسائٹی کے علاقے مسجد کبریا، بہادرآباد، ہوم لینڈ اپارٹمنٹ سوسائٹی اور کراچی کوآپریٹو سوسائٹی پر انتخابی کارنر میٹنگوں سے حق پرست امیدوار برائے پی ایس 116 سید سردار احمد نے خطاب کیا۔ پی ایس 126 کی انتخابی مہم کے سلسلے میں حق پرست نامزد امیدوار برائے صوبائی اسمبلی فیصل سبزواری نے اسکیم A-33 معمار، اسکیم B-33 معمار میں انتخابی اجتماعات سے خطاب کیا۔ اسی طرح پی ایس 117 کی انتخابی مہم کے سلسلے میں حق پرست نامزد امیدوار ڈاکٹر صغیر انصاری نے قریشی چوک، کلنٹن کوارٹر، نازیہ چوک، جیل کوارٹر، اور مڈسٹی اپارٹمنٹ پر منعقدہ کارنر میٹنگوں سے خطاب کیا۔ اپنے خطاب میں مقررین نے کہا کہ ایم کیوایم لوٹ مار کی سیاست کے خلاف ہے اور چاہتی ہے کہ قومی دولت ملک بھر کے عوام کی فلاح و بہبود پر خرچ کی جائے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ 8، جنوری کو اپنا حق رائے دہی استعمال کریں اور ایم کیوایم کے نامزد امیدواروں کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔ ادھر حق پرست امیدوار برائے این اے 258 نثار شر اور حق پرست امیدوار برائے پی ایس 130 یوسف منیر شیخ نے انتخابی مہم کے سلسلے میں گڈاپ کے پھوٹو گبول گوٹھ کا دورہ کیا اور گوٹھ کے معززین سے ملاقاتیں کیں۔

## کرسمس کے موقع پرحق پرست امیدواران برائے قومی وصوبائی اسمبلی نے گرجا گھروں کا دورہ کیا
## پادریوں اور مسیحی عوام سے ملاقاتیں، بچوں میں مٹھائی تقسیم کی، کرسمس کیک اور گلدستے پیش کئے

کراچی۔۔۔26، دسمبر 2007ء

کرسمس کے موقع پر متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدواران برائے قومی وصوبائی اسمبلی نے اپنے اپنے حلقہ انتخاب کے گرجا گھروں کا دورہ کیا اور مسیحی برادری کے رہنماؤں کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے کرسمس کی مبارکباد اور کیک پیش کیا۔تفصیلات کے مطابق کرسمس کے موقع پر حق پرست امیدوار برائے این اے 251 وسیم اختر اورامیدوار برائے پی ایس 115 رضا ہارون نے لائیز ایریا کے کرائسٹ دی کنگ چرچ کے فادر پطرس، محمود آباد کے سینٹ تھامس چرچ آف پاکستان کے چرچ سیکریٹری عارف انتظار، اعظم بستی محمود آباد اور منظور کالونی میں واقع گرجا گھروں کے فادرز سے ملاقاتیں کیں اور انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے کرسمس کیک اور گلدستہ پیش کیا اس موقع پرحق پرست امیدواران نے بچوں میں مٹھائی بھی تقسیم کی۔اسی طرح حق پرست امیدوار برائے این اے 240 خواجہ سہیل اور سابق رکن سندھ اسمبلی عبدالستار انصاری نے پاک کالونی کے علاقے میں واقع گرجا گھروں کا دورہ کیا جبکہ حق پرست امیدوار برائے این اے 253 حیدرعباس رضوی نے اسکیم 33 معمار میں واقع گرجا گھروں کا دورہ کیا اور مسیحی برادری سے ملاقاتیں کیں اور انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کا پیغام پہنچایا۔اسی طرح حق پرست امیدوار برائے پی ایس 90 اشفاق منگی نے اپنے حلقہ انتخاب کے سیکٹر D-3 اور سیکٹر 9 کے گرجا گھروں کا دورہ کرکے پادریوں سے ملاقاتیں کیں اور انہیں کرسمس کا کیک اور کرسمس کی مبارکباد پیش کی۔اس موقع پر گرجا گھروں کے فادرز اور انتظامیہ کے ارکان نے کرسمس کے موقع پر مسیحی عوام کو یاد رکھنے پر قائد تحریک جناب الطاف حسین سے دلی تشکر کا اظہار کیا اور ان کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعائیں کیں۔

## زلزلہ سے متاثرہ عوام کی امداد پر کشمیری عوام الطاف حسین کے مشکور ہیں، طاہر کھوکھر
## حق پرست امیدوار کاشف علی خان کی انتخابی مہم کے سلسلے میں مہاجرین جموں وکشمیر کے وفد سے بات چیت

اسلام آباد۔۔۔26، دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ آزاد کشمیر کے آرگنائزر اور قانون ساز اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر محمد طاہر کھوکھر نے کہا ہے کہ متاثرین زلزلہ کی بحالی کیلئے ہر ممکن امداد کرنے پر تمام کشمیری عوام قائد تحریک جناب الطاف حسین کے مشکور ہیں جنہوں نے مصیبت کی گھڑی میں متاثرین کو اکیلا نہیں چھوڑا اور مصیبت زدہ خاندانوں کی بھرپور امداد کی۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے حسن ابدال میں قومی اسمبلی کے حلقہ PP8 سے حق پرست امیدوار کاشف علی خان کی انتخابی مہم کے سلسلے میں مہاجرین جموں وکشمیر کے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی تین بڑی جماعتوں میں متحدہ قومی موومنٹ واحد انقلابی تحریک ہے جس میں نہ صرف غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کو اقتدار تک آنے کا موقع ملتا ہے بلکہ تحریک میں خواتین کے حقوق کا تحفظ کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں زندگی کے ہر شعبہ میں بھرپور نمائندگی بھی دی ہے۔انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام سے اپیل کی کہ وہ اپنے مسائل کے حل کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیں اور 8 جنوری کو پتنگ کے نشان پر مہر لگائیں۔

## ایم کیوایم کے تحت 28 دسمبر کو لیاری، گلشن اقبال اور محمود آباد گیٹ پر انتخابی جلسے منعقد ہوں گے
## الطاف حسین انتخابی جلسوں سے بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کریں گے

کراچی۔۔۔26، دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام مورخہ 28 دسمبر بروز جمعہ کی شام 4 بجے لیاری، گلشن اقبال اور محمود آباد میں انتخابی جلسہ عام منعقد ہونگے جن سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین لندن سے بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔لیاری میں منعقد ہونے والا جلسہ عام عثمان آباد میں واقع محمدی گراؤنڈ، گلشن اقبال کے 13-A گراؤنڈ اور محمود آباد گیٹ پر منعقد کئے جائیں گے۔ان انتخابی جلسہ عام میں ایم کیوایم گلشن اقبال، اسکیم 33 گلستان جوہر، لائینز ایریا، محمود آباد، لیاری اور رنچھوڑ لائن سیکٹرز کے کارکنان اور عوام کے علاوہ مذکورہ علاقوں سے ایم کیوایم کے نامزد حق پرست امیدواران برائے قومی وصوبائی اسمبلی شرکت کریں گے۔

☆☆☆☆☆